RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء | جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ	نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	روبکار حضور پر نور دام اقبالہم بابت تعطیل مہاراجہ صاحب بہادر	۱		تاریخ بحالی رخصت افزائی تقرری منشی امیر حسین بعہدہ منصرم حفظان صحت حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	۳
	احکام اجلاس کامل		۵	رخصت رجسٹرار صاحب محکمہ	۳
۲	تعین حدود و مضافات شہر رامپور بنابر درخت چاقو	۲		روبکارات جناب سکرٹری بہادر	
۳	پنشن دولی سنگھ نانک چپراسی	۲ و ۳	۶	انتظام بابت نیشی عملہ	۳ و ۴
۴	روبکار جناب وائس پریزیڈنٹ بہادر تقرری منشی لیاقت حسین گرداور حفظان صحت بعہدہ منصرم ... جائدادات و تقرر ...		۷	بابت تشریف آوری مہاراجہ صاحب بہادر بنارس	۴
			۸ و ۹	نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہ

والی ریاست رامپور پریزیڈنٹ آف کونسل

چونکہ آج مہاراجہ صاحب بہادر بنارس تشریف فرمای رامپور ہونگے مناسب ہے کہ جو مہاراجہ صاحب بہادر جو وقت تشریف آوری دیکھی آخر میں آج دو بجے سے کل ۱۵ اکتوبر کی شام تک دفاتر میں تعطیل دی جاوے۔

لہذا حکم ہوا

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل تمام محکمہ جات ریاست میں اطلاع کی غرض سے بھیجدیجاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو سررشتہ سے احکام اطلاعی جاری کردیے جائیں۔

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور
واقع ۹ ستمبر ۱۸۹۵ء

آج پیش بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ قانون انسداد چاقو مجریہ ۱۸۹۲ء میں تعین حدود مضافات شہر رامپور نہیں ہوا ہے صاحب مجسٹریٹ ضلع بغرض انفصال مقدمات تعین حدود مضافات شہر رامپور چاہتے ہیں صاحب ممدوح نے (الف) قانون حدود مضافات شہر قائم کر کے ایک نقشہ شامل کر دیا ہے۔ لہذا باتفاق رائے تجویز ہوا کہ تعین حدود مضافات شہر مطابق نقشہ مرتبہ صاحب ممدوح (الف) قانون منظور کر کے صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بطور ضمیمہ قانون مذکور اوسکو چھپوا کر بہت سا مطبوعہ بغرض اجلاس میں بھجوا دیں اور درج گزٹ بھی کرا دیں مثل باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بہادر

دستخط نواب ریونیو ممبر بہادر — دستخط خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حکم خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ضمیمہ قانون بنا بر اندراج گزٹ نقل حکم کونسل مطبع کو بھیجا جاوے اور مہتمم مطبع کو لکھا جاوے کہ ۲۵ قطعہ علیحدہ اس ضمیمہ کے طبع کرا کر بھیجدیں ۔ ۳ ر اکتوبر ۱۸۹۵ء

ضمیمہ قانون انسداد دہشت چاقو منظورہ اجلاس کامل کونسل حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم منعقدہ
۹ ستمبر ۱۸۹۵ء

از آنجا کہ قانون انسداد دہشت چاقو کا واسطے شہر رامپور اور مضافات کے ۱۸۹۲ء میں جاری ہوا تھا اور رقبہ مضافات میں تعین حدود مضافات شہر کا نہیں تھا لہذا بغرض انفصال مقدمات قانون مذکور کے تعین حدود مضافات شہر رامپور حسب ذیل مقرر ہو کر منظوری تجویز صاحب ممدوح (الف) قانون شہر رامپور کی حدود بغرض حصول مقصد قانون مذکور کی مفصلہ ذیل قرار دیے گئے تاکہ اہالیان پولیس و حکام فوجداری کو اوسکی بموجب عملدرآمد کرنے میں کوئی اشتباہ اور اختلاف واقع نہو۔

اسٹیشن ریلوی	مہن پوری	طاسنگہ	نانکار
سیجنی	گدہ	پلٹن	پسیہ پورہ
باغ بینظیر	بدرشیر	بی نظیر پورہ	خاص باغ
گھاٹ کوسی	لین سواران۔		

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور
واقع ۱۸ ستمبر ۱۸۹۵ء

آج پیش بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ دولی سنگہ ولد جیت سنگہ نائک کمپنی چہارم پلٹن پیادہ کی پنشن کی نسبت کرنیل صاحب بہادر سے رائے طلب ہوئی تھی کہ آیا سلسلہ ملازمت نامبردہ بوجہ پہلے چلے آنے اندور کے قائم رکھنا چاہئے یا نہیں صاحب بہادر ممدوح اوسکی سفارش کرتے ہیں اور تحریر فرماتے ہیں کہ نواب صاحب بہادر خلد آشیان مرحوم و مغفور کا یہ منشا نہیں تھا کہ نامبردہ کا زمرہ ملازمت سے خارج کیا جاوے بلکہ بوجہ عمدہ کھانا پکانے کے ماہر ہونیکے لحاظ سے اوسکو بھیجدیا تھا۔ لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن دولی سنگہ ولد جیت سنگہ نائک کمپنی چہارم تعدادی چار روپیہ ماہوار منظور ہے مثل بنا بر اجرای احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حکم نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر

موافق تجویز کونسل عالیہ احکام ضابطہ جاری ہون —

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۷ اکتوبر ۱۸۹۵ء

چونکہ ڈالی خانہ و باغات کا کام بلا منصرم اچھی طور سے نہیں چلتا۔ مذکور کار

الی کی پوری پوری نگرانی معرفت سپرنٹنڈنٹ و نائب سپرنٹنڈنٹ باغات ہونی سے

بسبیل مطالبہ اور اسکی ترقی مین پوری پوری کوشش کیجاتی ہے لہذا یہ کام

سپرد منشی لیاقت حسین گرداور خفظان صحت کیا جاوے۔ نامبردہ کے

ذریعہ سے کل رپورٹ متعلقہ باغات سپرنٹنڈنٹ و گرداور غیرہ باغ روانہ

کرینگے اور کل حساب و سررشتہ ڈالیخانہ اونسے متعلق متصور ہوگا جہان تک

ظل صاحب باغات کا تعلق ہے وہان تک منشی لیاقت حسین جناب کے

ماتحت سمجھے جاینگے۔ باغات مرادآباد و بریلی کی نگرانی بھی منصرم ڈالیخانہ

متعلق ہوگی۔ اور نامبردہ اپنے پاس سواری بہ تنور رکھین گے اور یہی

تنخواہ پائین گے جو اونہیں سررشتہ شفاخانہ یونانی سے ملتی ہے جب

مرادآباد و بریلی وشاہ آباد وبراجانیکی ضرورت ہوگی تو بہت سرکار سے ملیگی

عہدہ نائب سپرنٹنڈنٹ باغات تخفیف کیا گیا۔ محمد میر خان داروغہ باغ

و فرحت افزا مقرر رہنگے بجائے منشی لیاقت حسین کے منشی امیر حسین

امیدوار جو کارگزیدہ اور کام صفائی و گشت گردوری سے واقف ہے

بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار منصرم حفظان صحت مقرر رکھے گئے جسوقت

نامبردہ گھوڑا خرید لینگے تو مبلغ عہ روپیہ ماہوار اونہیں بطور بہتہ دیا جاینگا۔

حکم ہوا کہ

حسب تحریر بالا احکام جاری ہون —

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۹ اکتوبر ۱۸۹۵ء

نسبت یادداشت رجسٹرار صاحب صدر بابت عطائی رخصت

آٹھ روز علاوہ تعطیل من ابتدای ۱۰ اکتوبر لغایت ۲۸ ماہ حال

بوجہ جانے وطن کے

رخصت آٹھ روز منظور ہے رجسٹری کا کام حسب معمول مفتی صاحب دیوانی

انجام فرماوین اور مطبع کا کام میر حشمت علی کرینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر واقع ۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء

متصل حق خان متعینہ مودی خانہ کی رپورٹ ہے کہ ابتدای مئی ۱۸۹۵ء

لغایت ستمبر ۱۸۹۵ء جس قدر غلہ گندم و نخود مین کمی ہوئی اس کمی کی

علاقہ کی بابت جیسی تجویز ہو بموجب اوسکے عمل کیا جاوے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ

کارخانجات و منصرم مودیخانہ و قطب الدین خان سے اس بارہ مین مشورہ لیا

باتفاق سب کی یہ رائے قرار پائی کہ توفیر غلہ جسقدر ہو وہ بصحت کارخانجات مین

بلا اندراج قیمت خرچ ہوا کرے منصرم مودیخانہ اس امر کا خیال رکھا جاوے

کہ جب غلہ توفیر کا بنابر صرف کارخانجات دیا جاوین تو وہی وقت

تحریرانی کی کارخانہ داران کو مطلع کیا کرین کہ یہقدر غلہ توفیر کا بنابر صرف

کارخانجات دیا گیا ہے اوسکی قیمت درج خرچ نہ کیجاوے مثلاً اگر منصرم

مودیخانہ غلہ توفیر کا بنابر صرف اصطبل دین تو منصرم اصطبل کو اور اگر کارخانہ

غلہ توفیر کا بنابر صرف دیا جاوے تو منصرم گاو خانہ کو علی ہذا القیاس

جسکارخانہ کو غلہ توفیر بنابر صرف دیا جاوے اوس کارخانہ دار کو بذریعہ

تحریر اسکی اطلاع دینا کام منصرم مودیخانہ کا ہوگا اور کارخانہ دار

مذکور غلہ مذکور درج خرچ کرکے قیمت اوسکی قائم نہیں کریگا

اسلیے کہ وہ بمنزلہ مال توفیر سرکار ہوگا اور منصرم مودیخانہ اوسکی قیمت آخر ہر سال بحساب مطابقت کرلیا کرین گے حالانکہ وہ بھی ... غلہ توفیر اسی طور پر مناسب ہے کہ کارخانجات مین صرف ہو کر دام اوسکے اوٹھائے جاوین بمنزلہ مال سرکار رکھا جایا کرے لہذا —

حکم ہوا کہ

حسب تصریح بالا احکام جابجا بنام افسر آڈٹ و دیوان صدر و منتظمین کارخانجات و سپرنٹنڈنٹ کارخانجات و منصرم مودیخانہ جاری ہوں ایک نقل خاص بکسٹریج میں ہو ایک نقل درج گزٹ ہو اور منصرم مودیخانہ ایک رجسٹر بنالیں اوسمیں غلہ توفیر کا جس جس کارخانہ کو دیویں درج کرتے جائیں اور سال اختتام پر بموجب اوسکے نقشہ مرتب کرکے پیش کرین تاکہ معلوم ہو کہ اس سال میں فلان کارخانہ کو اسقدر غلہ توفیر کا دیا گیا —

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقعہ ۹ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

مہاراجہ صاحب بہادر بنارس کی تشریف آوری کا جو وقت ابتک معلوم ہوا ہے وہ ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء یا سنہ ... ہے — روبکار مورخہ یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء میں پروگرام درج ہوا ہے وہ بخیال وقت ۱۲ ستمبر کے تھا اب نظر وقت مستحضرہ حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے —

۱ - ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء صبح کو مہاراجہ صاحب بہادر بنارس دربار کے واسطے خورشید منزل میں تشریف لائینگے اور اسی تاریخ شام کو کلب میں شریک جلسہ ٹی پارٹی ہونگے —

۲ - ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء صبح کو دربار لیوی ہوگا اور شام کو بمقام لکشا باغ گارڈن پارٹی ہوگی —

۳ - ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء صبح کو ریویو ہوگا اور شام کو ۵ بجے کرتب جنگی لین پر ہوگا —

۴ - ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء صبح کو ملاحظہ کچہریات و کارخانجات و سپتال وغیرہ ہوگا اور اسی تاریخ دیوانخانہ کلان کی مطابق پروگرام ہوگا جسطرح کہ روبکار مورخہ یکم اکتوبر میں تصریحاً لکھا گیا ہے روشنی اور بعدہ آتشبازی اسی تاریخ ہوگی —

حکم ہوا کہ

احکام روبکار سابق جہان جہان گئے ہیں اونکے پاس احکام مطابق اس روبکار کے بھی جاری کرتے جائیں اور گزٹ میں بھی نقل ہو —

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ لغایت ۱۳ اکتوبر ۱۸۹۵ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے کم	ایک سال سے ۵ سال تک	۵ سال سے ۱۲ سال تک	۱۲ سال سے زیادہ	[illegible]	[illegible]	میزان	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	اسہال	دیگر امراض	کیفیت
شہر رامپور	۳۰	۱۱	۹	۵	۵۵ / ۱	۲۹ / ۱۲	۱۱	۹	۰	۱	۶	۷	۱۴	۱۰	۳۳	۲	۰	۰	۱۶	۱۸	۳۴	۰
عوالی شہر	۴	۱	۴	۱۱	۹	۳	۴	۵	۱	۲	۵	۷	۱۰	۱۴	۱۶	۸	۰	۰	۱۱	۳	۲۴	-
علیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۵	۱۳	۸	۲۹	۹	۲۱	۶	۴	۴	۲	۹	۷	۱۹	۱۳	۸	۲۴	۰	۰	۰	۳۲	۳۲	۰
شاہ آباد	۴	۱۰	۱۶	۳۳	۷	۲۶	۱۳	۱۰	۴	۱	۱۱	۵	۲۸	۱۶	۲۹	۱۵	۰	۰	۴۴	۰	۴۴	۰
چتوانی	۶	۸	۷	۲۱	۶	۱۵	۲	۳	۰	۰	۲	۲	۴	۵	۰	۹	۰	۰	۴	۵	۹	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
سوار	۲	۷	۱	۱۰	۹	۱	۲	۶	۱	۰	۱۱	۲	۱۴	۸	۱۸	۴	۰	۰	۴۲	۰	۴۲	۰
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		〃
میزان ۱۸	۴	۲۶	۳۹	۱۵۹	۷۷	۸۲	۳۸	۳۷	۱۰	۶	۴۴	۳۰	۹۲	۷۳	۱۰۳	۶۲	۰	۰	۱۰۸	۵۸	۱۶۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ لغایت ۱۳ اکتوبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲/۱۳ ار	۱۳/۱۰ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	
نخود خالص	۱۶ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۵ ار	
نخود کسیارہ	۱۹ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۷ ار	
جو	۲۰ ار	۰	۰	۱۸ ار	۰	۰	
ماش	۹ ار	۱۳ ار	۱۰ ار	۱۰۸ ار	۹ ار	۹ ار	
مونگ	۱۲ ار	۱۲ ار	۰	۱۱ ار	۰	۹ ار	
مکا	۲۲ ار	۱۹ ار	۲۰ ار	۲۱ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	
جئی	۲۰ ار	۰	۰	۰	۲۲ ار	۲۲ ار	
گہوں جئی	۱۸ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	۲۰ ار	
عدس	۲۰ ار	۱۵ ار	۰	۲۰ ار	۰	۱۶ ار	
ارہر	۲۰ ار	۰	۰	۲۰ ار	۰	۲۰ ار	
برنج	۱۳ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۹ ار	
روغن زرد	۸ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن سرسوں	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ار	۰	۰	۰	۲ ار	
[illegible]	۸ ار	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
[illegible]	۶ ار	۶ ار	۵ ار	۷ ار	۰	۷ ار	
سیاہ	۶ ار	۶ ار	۷ ار	۶ ار	۷ ار	۰	